مشق

(الف) نیچے دیے ہوئے سوالات کے جوابات لکھیے:

۱- شیخ نیازی کا حلیہ بیان کیجیے۔

۲- شیخ صاحب کو کس بات کا بہت شوق تھا؟

۳- عمر کے ساتھ شیخ صاحب کی عقل میں کیا فرق آیا؟

۴- جب کوئی شیخ صاحب کو اُترن پہننے کا طعنہ دیتا تو وہ کیا کہتے تھے؟

(ب) مندرجہ ذیل لفظوں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:

خوش بو-بدبو-فرق-ذہن-روک تھام-بے تکان-پروا-طعنہ

(ج) مناسب الفاظ سے جملے مکمل کیجیے:

۱- شیخ صاحب کی آنکھیں تھیں لیکن کسی کو __________ نہیں سکتے تھے۔

۲- ان کے کان تھے لیکن وہ __________ نہیں سکتے تھے۔

۳- ان کی زبان تھی لیکن وہ __________ نہیں سکتے تھے۔

۴- شیخ صاحب کو __________ کا شوق بالکل نہیں تھا۔

(د) رشید صاحب نے کتنے مزے میں شیخ نیازی کا ذکر کیا ہے؟ آپ بھی کسی بچے کا حال لکھیے۔

(ہ) ذیل کے الفاظ کا املا درست کیجیے:

تعنہ-بلکل-ناراز-زائقہ-ہُلیہ

مولوی عبدالحق کا خط مسلم کے نام

پیارے مُسلم! تمھارا ننھّا منّا خط پہنچا جسے پڑھ کر بڑی خوشی ہوئی۔ ماشاءاللہ! اب تو تم خوب پڑھنے لکھنے لگے ہو۔ ہاں یو تو بتاؤ کہ تم "مُسلم جنگ"[1] کب سے ہو گئے۔ اگر تم شوق سے پڑھو گے تو بڑے ہو کر سچ مچ کے مُسلم جنگ ہو جاؤ گے۔

میں نے تمھارا یہ خط رکھ لیا ہے۔ جب تم بڑے ہو کر اپنے ابّا جان کی طرح لائق اور ڈاکٹر ہو جاؤ گے تو اس وقت تمھیں یہ خط دِکھاؤں گا اور پوچھوں گا کہ بھئی مُسلم! دیکھنا یہ خط کس کا ہے۔ پہچانتے ہو یا نہیں۔ یہ نواب مُسلم جنگ بہادر کون ہیں؟

اب یہ لکھو تم کون سی کتاب پڑھ رہے ہو۔ جواب آنے پر تمھیں کہانیوں کی کتاب بھیجوں گا۔ اچھّا ایک بات بتاؤ۔ ڈھاکہ اچھّا ہے یا حیدر آباد؟ دیکھو کسی سے پوچھ کر نہ لکھنا، جو تمھارے دل کی بات ہو وہ لکھنا۔

تمھارا چاہنے والا
عبدالحق

[1] پہلے سرکاری خطاب میں جنگ کا لفظ بھی ہوتا تھا جیسے سالار جنگ۔